# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

**کورس:اسلامیات(201)** **سمسٹر:خزاں،2026**

**سطح:میٹرک**

## مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

| 6 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ | 3 کریڈٹ آورز کورس | مقررہ تاریخ |
|---|---|---|---|
| مشق نمبر1 | 15-12-2026 | -- | -- |
| مشق نمبر2 | 08-01-2027 | مشق نمبر1 | 08-01-2027 |
| مشق نمبر3 | 30-01-2027 | -- | -- |
| مشق نمبر4 | 20-02-2027 | مشق نمبر2 | 20-02-2027 |
| نوٹ:ٹیوٹوریل شیڈول(رہنمائے طلبہ)علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹwww.aiou.edu.pkپر موجود ہے۔ | | | |

## برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

**کل نمبر:100** **امتحانی مشق نمبر1** **کامیابی کے نمبر:40**

**(یونٹ:1تا3)**

سوال نمبر1۔ لفظ "عقیدہ" کی لغوی واصطلاحی تعریف کریں اور انسانی اخلاق کی درستی میں صحیح عقیدے کی اہمیت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ عقیدہ توحید کا مفہوم بیان کریں اور قرآن کی روشنی میں ثابت کریں کہ یہ تمام انبیاء کی دعوت کا نقطہ آغاز رہا ہے۔ (20)

سوال نمبر3۔ رسالت کا مفہوم بیان کریں اور انسانیت کی ہدایت کے لیے انبیاء کی ضرورت پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ نبی اور رسول کے درمیان علمی فرق واضح کریں اور منصبِ رسالت کی خصوصیات لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مشہور چار فرشتوں کے نام اور ان کے کائناتی و انسانی فرائض پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر2

### (یونٹ نمبر4-6)

سوال نمبر1۔ نماز کی لغوی و اصطلاحی تعریف کریں اور اس کے فرض ہونے کی شرائط تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ نماز کے روحانی اور باطنی فوائد (قربِ الٰہی، سکونِ قلب) پر جامع نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ روزے (صوم) کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اس کی فرضیت کی تاریخ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ روزے کا اصل مقصد "تقویٰ" ہے، اس کی مفصل تشریح قرآنی آیات کی روشنی میں کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مصارفِ زکوٰۃ (آٹھ مستحقین) کی قرآن کی روشنی میں تفصیلی تشریح کریں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر3

### (یونٹ نمبر7-9)

سوال نمبر1۔ حج کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور اس کی فرضیت کی شرائط تفصیل سے لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حج کو "عالمگیر اسلامی اجتماع" کیوں کہا جاتا ہے؟ اس کے سیاسی فوائد پر بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ جہاد کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کریں اور اسلام کے دفاعی نظام میں اس کی ضرورت واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ جہاد بالنفس (جہادِ اکبر) سے کیا مراد ہے؟ انسانی کردار کی تعمیر میں اس کی اہمیت لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ظہورِ اسلام کے وقت عرب کے مذہبی، اخلاقی اور سماجی حالات پر مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:40**

## امتحانی مشق نمبر4

### (یونٹ نمبر10-12)

سوال نمبر1۔ ہجرتِ مدینہ کے بعد حضور ﷺ کے اولین اقدامات (مسجدِ نبوی کی تعمیر، اذان کا آغاز) بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ مواخاتِ مدینہ (انصار و مہاجرین کے بھائی چارے) کی اہمیت اور اس کے معاشی اثرات لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی نظامِ اخلاق کی بنیاد کن اصولوں پر ہے؟ اخلاق کی اہمیت قرآن و حدیث سے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ سچائی (صدق) کی اہمیت اور جھوٹ کے معاشرتی و روحانی نقصانات پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد میں فرق واضح کریں اور حقوق العباد کی اہمیت پر بحث کریں۔ (20)